**PDMA**
**Provincial Disaster Management Authority**
Sector B-2 Phase-V Hayatabad, Peshawar, Khyber Pakhtunkhwa.
Phone: (091) 9219635, 9219636 Fax: (091) 9219637
www.pdma.gov.pk

پی ڈی ایم اے اپڈیٹس:

مورخہ: 17 جولائی 2026

# مون سون موسمی انتباہ [ایڈوائزری]

## پریس ریلیز

**پی ڈی ایم اے نے خیبر پختونخوا میں 19 سے 23 جولائی تک شدید بارشوں، آندھی، گرج چمک، فلش فلڈ اور لینڈ سلائیڈنگ کا الرٹ جاری کر دیا۔**

پشاور: صوبائی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (پی ڈی ایم اے) خیبر پختونخوا نے محکمہ موسمیات کی پیشگوئی کے پیش نظر **19 جولائی کی شام سے 23 جولائی تک** صوبے کے بیشتر اضلاع میں تیز ہواؤں، گرج چمک کے ساتھ بارشوں اور بعض مقامات پر شدید بارشوں کا الرٹ جاری کر دیا ہے۔

پی ڈی ایم اے کے مطابق بحیرہ عرب سے آنے والی مون سون ہوائیں مسلسل ملک کے بالائی اور وسطی علاقوں میں داخل ہو رہی ہیں، جبکہ پیر کے روز ایک مغربی ہوائی سلسلہ بھی شمالی علاقوں پر اثر انداز ہو گا، جس کے باعث خیبر پختونخوا کے مختلف اضلاع میں موسلادھار بارشوں کا امکان ہے۔

**متوقع بارشوں سے اپر و لوئر چترال، اپر و لوئر دیر، سوات، شانگلہ، بونیر، ملاکنڈ، باجوڑ، اپر و لوئر کوہستان، کولئی پالس، بٹگرام، طورغر، مانسہرہ، ایبٹ آباد، ہری پور، مردان، صوابی، خیبر، مہمند، پشاور، چارسدہ، نوشہرہ، کوہاٹ، کرم، ہنگو، اورکزئی، کرک، بنوں، لکی مروت، ڈیرہ اسماعیل خان، ٹانک، شمالی اور جنوبی وزیرستان میں بارشوں کا امکان ہے۔**

پی ڈی ایم اے نے خبردار کیا ہے کہ شدید بارشوں کے باعث **پہاڑی اضلاع میں لینڈ سلائیڈنگ، مقامی ندی نالوں میں طغیانی اور فلش فلڈ کا خدشہ ہے، جبکہ پشاور، سوات، ایبٹ آباد، چارسدہ، مردان، صوابی اور نوشہرہ میں اربن فلڈنگ بھی ہو سکتی ہے۔** اس کے علاوہ تیز ہوائیں اور آسمانی بجلی کمزور مکانات، بجلی کے کھمبوں، بل بورڈز، سولر پینلز اور کھڑی فصلوں کو نقصان پہنچا سکتی ہیں۔

**پی ڈی ایم اے نے تمام متعلقہ ڈپٹی کمشنرز، ضلعی انتظامیہ، ریسکیو 1122، بلدیاتی اداروں اور دیگر متعلقہ محکموں کو پیشگی حفاظتی اقدامات یقینی بنانے کی ہدایت جاری کر دی ہے۔ تمام ایمرجنسی سروسز کو ہائی الرٹ رہنے، مشینری اور امدادی سامان تیار رکھنے، حساس علاقوں کی مسلسل نگرانی کرنے، سڑکیں کھلی رکھنے اور کسی بھی ہنگامی صورتحال میں فوری کارروائی یقینی بنانے کی ہدایت کی گئی ہے۔**

سیاحوں سے اپیل کی جاتی ہے کہ وہ موسم کی صورتحال کو مدنظر رکھتے ہوئے غیر ضروری سفر سے گریز کریں، دریاؤں، ندی نالوں اور لینڈ سلائیڈنگ کے خطرے والے مقامات سے دور رہیں اور ضلعی انتظامیہ کی ہدایات پر عمل کریں۔

پی ڈی ایم اے نے کسانوں کو فصلوں کی حفاظت، جبکہ مویشی پال حضرات کو اپنے جانور محفوظ مقامات پر منتقل کرنے کی ہدایت کی ہے۔

عوام سے بھی اپیل کی جاتی ہے کہ بارش کے دوران بجلی کی کھلی تاروں سے دور رہیں، زیر آب سڑکوں اور پلوں کو عبور نہ کریں، بچوں کو ندی نالوں اور برساتی پانی کے قریب نہ جانے دیں اور **کسی بھی ہنگامی صورتحال میں فوری طور پر پی ڈی ایم اے کی 24 گھنٹے فعال ٹول فری ہیلپ لائن 1700 پر اطلاع دیں۔**

**ترجمان پی ڈی ایم اے، خیبر پختونخوا**